7. آپ کے خیال میں، کیا آنند پور صاحب قرارداد (Anandpur Sahib Resolution) وفاقیت (federalism) کو مضبوط کرنے کی درخواست تھی یا ایک علیحدہ سکھ ریاست کے قیام کی عرضداشت تھی ؟ **2**

8. 1960 کی دہائی سے شروعات کرتے ہوئے دونوں عظیم طاقتوں نے اصلحہ محدود کرنے (to control arms) کے لیے کون سے دو معاہدوں پر دستخط کیے؟ **2 × 1 = 2**

9. فہرست (A) کے لیڈروں کو فہرست (B) کے بیان سے ملا کر جوڑی بنائیے۔ **4 × ½ = 2**

| (A) | | (B) | |
|---|---|---|---|
| (a) | لال بہادر شاستری | (i) | بھارتیہ کمیونسٹ پارٹی (مارکسسٹ لینسٹ) کی بنیاد رکھی |
| (b) | سی نٹ راجن انادورائی | (ii) | ڈی۔ایم۔کے۔ (DMK) کی بنیاد رکھی |
| (c) | چارو مجمدار | (iii) | 1952 سے 1986 میں موت تک پارلیمنٹ کا ممبر رہا |
| (d) | جگ جیون رام | (iv) | 'جے جوان – جے کسان' کا نعرہ دینے والے |

10. آزادی کی قومی تحریک کے دوران ایسے دو مقاصد جن پر سب متفق تھے اور ان کو پورا کرنے کے خواب دیکھے گئے جو آزادی کے بعد پورے ہوئے، ان مقاصد کو بیان کیجئے۔ **2 × 1 = 2**

11. چین کی نئی معاشی پالیسیوں نے چین کی معیشت کو کن چار طریقوں سے فائدہ پہنچایا ؟ **4 × 1 = 4**

12. ویٹو پاور (Veto Power) سے کیا مطلب ہے ؟ یہ خاص حقوق اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے کن ممبر ملکوں کو حاصل ہیں اور کیوں ؟ **1 + 2 + 1 = 4**

13. عالم گیریت کسی ریاست کی حقیقت کی استعداد کو کمزور کیسے کر دیتی ہے ؟ واضح کیجئے۔ **4**

14. 1979 میں جنتا سرکار کے زوال کے لیے ذمہ دار کسی چار عوامل کا جائزہ لیجیے۔ **4 × 1 = 4**

15. حیدرآباد کا الحاق ہندوستان کے ساتھ ہونے کے لیے ذمہ دار حالات بیان کیجئے۔ **4**

16. آزاد ہندوستان میں ابتدا سے لے کر اب تک رائے دہندگی (methods of voting) کے طریقے کیسے بدلتے رہے ہیں ؟ اسباب بھی واضح کیجئے۔ **4**

